www.understandquran.com

سبق-29 : ذکر، شکر اور اچھی عبادت

اس سبق کے اختتام پر آپ جان لیں گے کہ :

- ذکر اور شکر کی کیا اہمیت اور فائدے ہیں۔
- اچھی عبادت کا کیا مطلب ہے؟
- کیا اللہ کی توفیق اور مدد کے بغیر کوئی عبادت کی جاسکتی ہے؟

عبارت و تشریح :

اَللّٰهُمَّ	أَعِنِّيْ	عَلٰى ذِكْرِكَ	وَشُكْرِكَ	وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ.
اے اللہ !	مدد فرما میری	تجھے یاد کرنے پر	اور تیرا شکر کرنے پر	اور تیری اچھی عبادت کرنے پر۔

- اس دعا کی فضیلت میں یہ حدیث کافی ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: ”اے معاذ ! اللہ کی قسم، میں تم سے محبت کرتا ہوں، اللہ کی قسم میں تم سے محبت کرتا ہوں“، پھر فرمایا : ”اے معاذ ! میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھنا کبھی نہ چھوڑنا“۔ (ابوداؤد)
- **ذِکْر:** ذکر کہتے ہیں اللہ کو (تعریف اور تعظیم والے الفاظ کے ساتھ) یاد کرنا۔ اس سے ہمیں امن و سکون نصیب ہوتا ہے۔
- **شُکْر:** شکر کا مطلب ہے کہ ان تمام نعمتوں پر اللہ کی تعریف کی جائے اور شکر ادا کیا جائے جو ہمیں ملی ہیں۔ زبانی شکر کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنے وقت کو، اپنی محنت کو اور اپنے مال کو نیکی کے کاموں میں استعمال کرنا چاہیے۔
- شکر کرنے والا بندہ ہمیشہ خوش اور مطمئن ہوتا ہے، جب کہ ناشکری کرنے والا انسان ہمیشہ شکایتیں کرتا رہتا ہے اور کبھی بھی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اعتراف نہیں کرتا ہے۔
- **حُسْنِ عِبَادَة:** ہمیں اللہ کی عبادت محبت اور اخلاص کے ساتھ کرنی چاہیے، تبھی عبادت اعلیٰ درجہ کی ہوگی۔

حدیث : حضرت معاذ بن جبلؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ سے پوچھا: اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ عمل کون سا ہے؟ آپ ﷺ نے جواب دیا کہ (اللہ کے یہاں سب سے محبوب عمل یہ ہے کہ) تمہیں اس حال میں موت آئے کہ اس وقت بھی تمہاری زبان اللہ کے ذکر سے تر رہے۔ (ابن حبان) یعنی موت کے وقت بھی تمہاری زبان پر اللہ ہی کا ذکر جاری ہو۔

غور و فکر : مطالعہ، تصور اور احساس :

- ذرا سوچیے کہ ہماری زندگی کا ہر لمحہ اللہ کی نعمتوں میں گذرتا ہے لیکن ہم دن میں کتنی بار اللہ کو یاد کرتے ہیں اور شکر ادا کرتے ہیں؟
- اللہ کی نعمتوں پر غور کریں اور تصور کریں کہ اگر اللہ ہمیں یہ نعمتیں عطا نہ کرتا تو ہم کس حال میں ہوتے؟ اگر ہماری آنکھوں سے نظر نہ آتا، کانوں سے سنائی نہ دیتا اور زبان سے بولا نہ جاتا تو ہماری کیا حالت ہوتی؟
- ہم امتحان کے دوران ایک ایک لفظ سوچ سمجھ کر لکھتے ہیں۔ کیا ہم نماز بھی اسی طرح بھرپور توجہ سے، خلوص کے جذبے اور مکمل احساس کے ساتھ پڑھتے ہیں کہ ہم اللہ کے سامنے کھڑے ہیں؟

نصیحت لینا : دعا، احتساب اور پلان :

- اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ اے اللہ! آپ میری مدد فرمائیے کہ میں ہر وقت آپ کو یاد رکھ سکوں، آپ کی دی ہوئی تمام نعمتوں پر شکر ادا کر سکوں اور بہتر سے بہتر انداز میں آپ کی عبادت کرنے والا بن جاؤں۔
- اپنا جائزہ لیں کہ اللہ نے ہمیں بے شمار نعمتوں سے نوازا، لیکن کیا ہم اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں؟
- پلان بنائیے کہ ہم کس طرح سے بہترین انداز میں اللہ کی عبادت کر سکتے ہیں؟ اور کس طرح سے ان چیزوں سے دور رہ سکتے ہیں جو ہمیں اچھی طرح سے عبادت کرنے سے روکتی ہیں؟

عادت : ان شاء اللہ میں ہر نماز کے بعد اس دعا کو پڑھنے کا اہتمام کروں گا۔

مشقی سوالات

1. ذکر اور شکر کی کیا اہمیت ہے اور ان کے کیا فائدے ہیں؟
2. بہترین عبادت کیا ہے؟
3. رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو کون سی دعا پڑھنے کی تاکید کی؟

www.understandquran.com